© rasailojaraid.com

عطا فرمائی ـــــ میں نے اپنے درد و غم میں قرآنِ مجید کی دعاؤں سے شفا پائی اور یہ ان دعاؤں کی تاثیر تھی کہ مجھے لسانِ کامل (صلی اللہ علیہ وسلم) کی سیرتِ پاک اور ارشادات کے سائے میں تیقن کی قوت اور صبر و استقامت کی ٹھنڈک نصیب ہوئی ـــــ اور اب اسی پر ایمان ہے اور دعا ہے کہ خدا تعالیٰ اسی پر قائم رکھے۔ آمین

---

جلد اول

# نقوشِ ابو الوفاء

مؤلفہ: مولانا ابو یحییٰ امام خان نوشہروی

شیخ الاسلام مولانا ابو الوفا ثناء اللہ کی ذات گرامی محتاج تعارف نہیں۔ آپ نے نصف صدی تک اسلام کی وہ خدماتِ جلیلہ سرانجام دی ہیں کہ جس کی نظیر برصغیر کی تاریخ میں مشکل سے ملتی ہے۔ آپ نے برصغیر میں تمام مسلم دشمن طاقتوں اور مسلمانوں میں جنم لینے والے فتنوں کا اس خوش اسلوبی و عمدگی سے مقابلہ کیا کہ آپ کے مخالف بھی آپ کی عظمت و بزرگی کا اعتراف کیے بغیر نہ رہ سکے۔ اس سلسلہ میں آپ کی خدمات کسی ایک میدان تک محدود نہ تھیں بلکہ تالیف و تصنیف، درس و تدریس اور تقریر و مناظرات کے تمام میدانوں میں آپ نے تاریخی کارنامے سرانجام دیئے۔

برصغیر کے نامور اہل حدیث مؤرخ مولانا ابو یحییٰ امام خان نوشہروی نے انہیں معرکہ آرائیوں کی داستان نقوشِ ابو الوفاء میں قلم بند کر دی ہے۔ کتابت و طباعت عمدہ، مضبوط جلد۔ عمدہ گرد پوش۔ سفید کاغذ۔ صفحات ۳۲۵۔ قیمت مجلد ۵ روپے ہے۔ ہر اہلحدیث مکتبہ سے دستیاب ہے۔

---

**ادارہ ترجمان السنۃ ۷- ایبک روڈ انار کلی لاہور**

© rasailojaraid.com